© rasailojaraid.com

## دارالعلوم حقانیہ کے مہتمم کی دارالعلوم دیوبند کے علماء کے وفد سے ملاقات :

۱۰ اپریل جامعہ کے مہتمم اور جمعیت علماء اسلام ، دفاع افغانستان کونسل کے سربراہ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب نے ہندوستان سے آئے ہوئے مادر علمی دارالعلوم دیوبند کے اکابر علماء ، جمعیت علمائے ہند کے سربراہ اور شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق صاحبؒ کے شیخ و مربی شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنیؒ کے فرزند اکبر و جانشین حضرت مولانا سید اسعد مدنی مدظلہ ، مہتمم اعلیٰ دارالعلوم دیوبند شیخ الحدیث حضرت مولانا مرغوب الرحمان مدظلہ سے پشاور میں حاجی عبدالرحمان فقیر کی رہائش گاہ پر تفصیلی ملاقات کی اس موقع پر قائد جمعیت کے ہمراہ مولانا انوار الحق صاحب نائب مہتمم دارالعلوم حقانیہ ، مولانا میاں عصمت شاہ کاکا خیل ، مولانا حامد الحق حقانی ، حافظ راشد الحق ، مولانا سید یوسف شاہ بھی موجود تھے۔ ہندوستان سے آئے ہوئے معزز مہمانوں کو حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے دارالعلوم حقانیہ آنے کی دعوت دی۔

## دارالعلوم دیوبند سے تشریف لائے ہوئے معزز شرکاء کے اسمائے گرامی :

حضرت مولانا اسعد مدنی مدظلہ امیر جمعیت علماء ہند ، حضرت مولانا مرغوب الرحمان صاحب مدظلہ مہتمم دارالعلوم دیوبند ، حضرت مولانا قاری محمد عثمان مدظلہ نائب مہتمم دارالعلوم دیوبند ، شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق اعظمی شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند ، حضرت مولانا نعمت اللہ اعظمی استاد حدیث دارالعلوم دیوبند ، حضرت مولانا حبیب الرحمان قاسمی مدیر ماہنامہ "دارالعلوم" حضرت مولانا قمر الدین صاحب استاد حدیث ، مولانا مفتی یوسف استاد دارالعلوم دیوبند ، مولانا مفتی راشد صاحب استاد دارالعلوم دیوبند ، حضرت مولانا حبیب الرحمان صاحب مفتی دارالعلوم دیوبند ، صاحبزادہ حضرت مولانا انوار الرحمان ، حضرت مولانا شبیر احمد صاحب استاد حدیث و مفتی مدرسہ شاہی مراد آباد ، حضرت مولانا عبدالرحیم استاد دارالعلوم دیوبند۔ وفد کے ارکان نے تقاریر کے بعد حضرت مولانا عبدالحقؒ کے مزار پر فاتحہ خوانی کی اور بعد میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کی اقامت گاہ پر تشریف لائے۔ جہاں معزز مہمانوں کے اعزاز میں ضیافت دی گئی اور وفد کے ارکان نے دارالعلوم حقانیہ کے جید علماء کرام اور مشائخ سے اس موقع پر تبادلہ خیال بھی کیا۔

## دارالعلوم دیوبند کانفرنس کی تیاری کے سلسلے میں جامع مسجد میں مولانا حامد الحق حقانی کا خطاب :

جمعہ ۱۱ محرم الحرام 6 اپریل کو مہتمم صاحب کے بڑے فرزند جمعیت علمائے اسلام کے رہنما اور دارالعلوم کے مدرس مولانا حامد الحق حقانی نے دارالعلوم حقانیہ کی جامع مسجد میں خطبہ ء جمعہ دیتے ہوئے طلباء کو فلسفہ حریت و شہادت حضرت حسینؓ ، اتحاد بین المسلمین اور خصوصاً دیوبند کانفرنس کے موضوع پر برصغیر میں انگریز کے خلاف برسرپیکار ، حریت پسند اکابر علمائے حق اور مادر علمی دارالعلوم دیوبند اور دارالعلوم حقانیہ سے اٹھی ہوئی جہادی ، انقلابی تحریکات پر مفصل خطاب کیا۔

© rasailojaraid.com